do more
feel better
live longer

گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ

نوٹس برائے اجلاس

نوٹس ہٰذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ گلیکسو اسمتھ کلائن ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ کا تیسرا سالانہ اجلاس عام 29 مارچ 2018 بروز جمعرات صبح 11:00 بجے پی سی ہوٹل، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

عمومی امور

کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2017 کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔ آئندہ سالانہ اجلاس عام کے اختتام پر ختم ہونے والی مدت کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور 31 دسمبر 2018 کو ختم ہونے والے سال کے لیے ان کے مشاہرے کا تعین۔ 5 روپے فی عمومی شیئر کے حساب (50%) سے حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری۔

دیگر امور

چیئر کی منظوری سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
فرحان محمد ہارون
کمپنی سیکریٹری

کراچی
8 مارچ 2018

نوٹس

1- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 23 مارچ 2018 سے 29 مارچ 2018 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی اور شیئرز کی منتقلی کی کوئی بھی درخواست رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کی جائے گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74400 کے پاس 22 مارچ 2018 کو کاروبار کے خاتمے تک موصول ہونے والی منتقلی کی درخواستوں کو منافع منقسمہ کی ادائیگی کے لیے بروقت تسلیم کیا جائے گا۔

2- اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے کو اجلاس میں اپنی ایماء پر شرکت، اظہار رائے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی نامزد کر سکتا ہے۔ پراکسی کی نامزدگی کے دستاویز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروائی جا سکتی ہے۔

3- شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کو مطلع کریں۔

4- اجلاس میں شرکت کے لیے سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے 26 جنوری 2000 کو جاری کردہ سرکلر نمبر 1 میں دی گئی ہدایات کے مطابق درج ذیل پر عمل کرنا ہوگا:

الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے

i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق ہیں، اپنے اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصلی پاسپورٹ کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کروائیں گے۔

ii) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں، نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اجلاس میں شرکت کے وقت فراہم کی جائیں گی۔

ب۔ پراکسی کی نامزدگی کے لیے

i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ ہوں، درج بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی موجود ہو، جن کے نام، پتے، شناختی کارڈ نمبرز فارم میں موجود ہوں۔

iii) Beneficial Owner کی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں، پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہوں۔

iv) پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ ظاہر کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں کمپنی کو، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے جمع نہ کروایا گیا ہو) پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا۔

5- فزیکل شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز لازماً اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور/یا شیئر ہولڈر/شیئر ہولڈرز، جن کے وہ پراکسی ہیں، کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی ہمراہ لائیں۔ بغیر کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کے ایسے شیئر ہولڈر/ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور/یا شیئر ہولڈرز/ممبرز کے رجسٹر میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

6- منافع منقسمہ پر ود ہولڈنگ ٹیکس میں نظر ثانی

برائے مہربانی مزید نوٹ فرمالیں کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 15 اور فنانس ایکٹ 2017 کے تحت منافع منقسمہ پر ود ہولڈنگ ٹیکس فائلر اور نان فائلر کے لیے بالترتیب 15 فیصد اور 20 فیصد کے حساب سے منہا کیا جائے گا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی طرف سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ود ہولڈنگ ٹیکس کا حساب فائلر/نان فائلر کے لیے پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے لیے ان کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے علیحدہ علیحدہ کیا جائے گا۔

اس حوالے سے تمام شیئر ہولڈرز، جو جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئرز کے حامل ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کی شیئر ہولڈنگ کا تناسب اپنے پاس موجود شیئرز کے مطابق ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈرز	
		نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

نوٹس

مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس 16 مارچ 2016 تک پہنچ جانی چاہئیں، بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ شیئرز میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کا حصہ برابر ہے۔
لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ براہ مہربانی ایف بی آر کی ویب سائٹ www.fbr.gov.pk پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں اپنا فائلر اسٹیٹس چیک کر لیں اور ساتھ ہی یقینی بنائیں کہ آپ کا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر/پاسپورٹ نمبر شرکت کنندہ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا شیئر رجسٹرار (فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کے ذریعے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کارپوریٹ باڈیز (غیر انفرادی شیئر ہولڈرز) یقینی بنائیں کہ ان کے نام اور نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ایف بی آر ویب سائٹ کی ATL میں موجود ہیں اور شرکت کنندہ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ریکارڈ ہیں۔ NTN یا NTN سرٹیفکیٹس، جیسی بھی صورت ہو، بھجواتے ہوئے شیئر ہولڈرز لازماً کمپنی کا نام اور فولیو نمبرز ضرور لکھوائیں۔
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی پروویژن کے مطابق، لسٹڈ کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف الیکٹرونک ذریعے سے ان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں براہ راست کریں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کی ویب سائٹ http://pk.gsk.com/en-gb/gsk-consumer-healthcare-pakistan-limited پر موجود الیکٹرونک مینڈیٹ فارم پر کریں اور اسے اپنے دستخط اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ سی ڈی سی ہاؤس B-99، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی پر بھجوائیں۔ شیئرز CDC میں ہونے کی صورت میں الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم لازماً براہ راست شیئر ہولڈرز/بروکر/شرکت کنندہ/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروایا جائے۔
SECP نے اپنے SRO 47(1)2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے ذریعے کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ بیلنس شیٹ، پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ (سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس) اپنے ممبرز میں CD/DVD/USB کے ذریعے ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کریں۔ متذکرہ بالا کی روشنی میں، کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ 2017 اپنے شیئر ہولڈرز کو CD کی صورت میں ارسال کر دی ہے۔ کوئی بھی ممبر جسے سالانہ رپورٹ 2017 کی پرنٹڈ کاپی درکار ہو، وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود اسٹینڈرڈ درخواست فارم کے ذریعے درخواست بھجوا سکتا ہے۔

سالانہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل

SECP کے SRO 787(1)2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے ذریعے دی گئی ہدایات کے مطابق وہ شیئر ہولڈرز جو مستقبل میں سالانہ فنانشل اسٹیٹمنٹس بذریعہ ڈاک حاصل کرنے کے بجائے بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ بمعہ اپنے ای میل ایڈریس کے، اسٹینڈرڈ درخواست فارم، جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ http://pk.gsk.com/en-gb/gsk-consumer-healthcare-pakistan-limited پر موجود ہے، کے ذریعے باضابطہ طور پر اپنی مرضی ظاہر کریں اور یہ فارم باقاعدہ طور پر پُر کرنے کے بعد اپنے دستخط اور اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔
برائے مہربانی نوٹ فرمالیں کہ بذریعہ ڈاک سالانہ فنانشل اسٹیٹمنٹس وصول کرنے کے بجائے انہیں بذریعہ ای میل حاصل کرنے کا اختیار آپ کے پاس ہے۔ اگر آپ یہ سہولت حاصل نہ کرنا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی اس نوٹس کو نظر انداز کر دیں۔ سالانہ فنانشل اسٹیٹمنٹس عام طریقہ کار کے مطابق آپ کو بذریعہ ڈاک ارسال کر دی جائیں گی۔ 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کی سالانہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ http://pk.gsk.com/en-gb/gsk-consumer-healthcare-pakistan-limited پر بھی فراہم کر دی گئی ہیں۔

غیر کلیم شدہ منافع منقسمہ/شیئرز

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے مطابق جاری کردہ شیئرز یا کمپنی کی طرف سے اعلان کردہ کوئی بھی منافع منقسمہ، جو واجب الادا ہونے کے بعد تین سال کے عرصے تک غیر کلیم شدہ یا غیر ادا شدہ ہو، کمپنیز ایکٹ 2017 میں بیان کردہ طریقہ کار کو پورا کرنے کے بعد فیڈرل گورنمنٹ کے پاس جمع ہوں گے۔ ایکٹ کے سیکشن 244(1) کے مطابق کمپنی ممبرز کو 90 دن کا نوٹس دینے کی پابند ہے کہ کمپنی کے ساتھ اپنے کلیم داخل کر سکیں۔ مزید SECP کی ہدایت نمبر 16، 2017 تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت دیتی ہے کہ وہ ایسا نوٹس اپنے ممبرز کو جاری کریں اور 30 مئی 2017 تک واجب الادا ہونے کے بعد سے تین سال کے عرصے تک غیر کلیم شدہ یا غیر ادا شدہ رہنے والے شیئرز یا منافع منقسمہ یا کسی بھی دوسرے انسٹرومنٹ کی اسٹیٹمنٹ جمع کروائیں۔

وڈیو کانفرنس کی سہولت

SECP کے سرکلر نمبر 10 بتاریخ 21 مئی 2014 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق کمپنی کسی خاص جغرافیائی مقام پر رہنے والے 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبرز سے اجلاس سے 10 دن قبل اجلاس میں وڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی رضامندی حاصل کرتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کی صورت میں وڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی۔ اس حوالے سے براہ مہربانی درج ذیل فارم پُر کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاس عام سے 10 روز قبل جمع کروائیں۔ کمپنی تمام تر ضروری معلومات کے ساتھ ممبرز کو سالانہ اجلاس عام سے کم از کم 5 روز قبل وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام سے آگاہ کرے گی تاکہ وہ اس سہولت تک رسائی حاصل کر سکیں۔

میں/ہم ---------------- کے ---------------- گلیکسو اسمتھ کلائن ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ کے ممبر اور رجسٹرڈ فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ---------------- کے مطابق ---------------- عمومی شیئرز کے حامل ہونے کے ناطے ---------------- پر وڈیو کانفرنس سہولت کا انتخاب کرتا ہوں/کرتے ہیں۔

____
ممبر کے دستخط